## سوال

(132)کس قسم کے عذر سے گھر میں نماز پڑھ سکتا ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گھر میں نماز کس قسم کے عذر کے ساتھ پڑھ سکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس عذر سے مسجد میں نہ آسکتا ہو جس کی بابت یہ لفظ آئے ہیں۔ (حبسهم العذر) عذر نے ان کو روک رکھا ہے۔ مثلاً سخت بخار یا کوئی اور کسی قسم کی تکلیف ہے۔ جو مسجد تک پہنچنے میں مانع ہو، اس صورت میں گھر میں پڑھنے سے مسجد اور جماعت کا ثواب پاوے گا۔ انشاء اللہ (فتاوی ثنائیہ جلد اول ص ۲٦٦)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد3 ص36۔37**

محدث فتویٰ